امام غزالیؒ کے افکار کا خلاصہ نہیں بلکہ اس حکیم صوفی اور ابن رشد کے خیالات کا عالمانہ محاکمہ بھی ہے۔ اس مقدمہ میں مولانا نے علامہ طوسی اور خواجہ زادہ کے تاریخی اور بصیرت افروز محاکموں سے استفادہ کے علاوہ دور جدید کے فلسفیانہ افکار سے بھی پوری طرح فائدہ اٹھایا ہے اور اس طرح اسلامی فلسفہ کے طلبا اور محققین کے لیے انداز تحقیق کے نئے راستوں کی نشاندہی کی ہے۔

اس کتاب کی افادیت میں مزید اضافہ ہوتا اگر فلسفے کی اُردو اصطلاحات کے ساتھ انگریزی کی متبادل اصطلاحیں بھی درج کر دی جاتیں۔

کتاب کا معیار طباعت گوارا اور قیمت مناسب ہے۔

روح سعید | تالیف: ڈاکٹر محمد سعید رمضان

مترجم: جناب محمد حنیف ایم اے۔

شائع کردہ: مکتبہ چراغ اسلام، بیرون کھیالی دروازہ، گوجرانوالہ۔

صفحات: ۷۸ قیمت: ۳/- روپیہ

دنیائے اسلام میں مغربی تہذیب کی یلغار کو روکنے کے لیے جو سعید روحیں میدان عمل میں اتری ہیں اُن میں ایک مقدس روح علامہ بدیع الزمان سعید نورسی ہے۔ خدا کے اس پاکباز بندے نے اتا ترک کے پھیلائے فتنوں کا بڑی بےجگری سے مقابلہ کیا اور اسلام کو غالب قوت بنانے کے لیے ایک زبردست تحریک شروع کی جسے نورسی تحریک کہا جاتا ہے۔ یہ اس تحریک کا اثر ہی ہے کہ ترکی کے اندر کمالی فتنے دب کر رہ گئے ہیں اور وہاں کا نوجوان اسلامی انقلاب کے لیے جدوجہد کرتا نظر آتا ہے۔ اس مردِ حق آگاہ کے حالات زندگی کو ڈاکٹر سعید رمضان نے بڑے اختصار کے ساتھ عربی میں قلمبند کیا ہے اور پاک و ہند کے معروف عالم دین مولانا محمد چراغ کے فرزند ارجمند نے اسے اردو کا جامہ پہنایا ہے۔ ترکی میں اسلام اور مغربی تہذیب کی کشمکش کو سمجھنے کے لیے اس کتاب کا مطالعہ ضروری ہے۔